12225 ـ کافر کا قرآن مجید چھونا

سوال

کیا کسی غیر مسلم کے لیے یہ جائز ہے کہ وہ مکمل طہارت حاصل کیے اورقرآن مجید چھوئے بغیر پڑھ لے ، جس طرح کہ مسلمان کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

قرآن مجید کو صرف طاہراور پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں ، اور اللہ سبحانہ وتعالی کا ارشاد ہے :

بیشک مشرک لوگ نجس ہیں تو اس بنا پر کس بھی کافر چاہے ہو یہودی یا عیسائ اور یاپھر ہندو اور بدھ مت وغیرہ ہی کیوں نہ ہو کو قرآن مجید چھونے نہیں دینا چاہیے ۔

لیکن یہ جائز ہے کہ وہ ریڈیو یا پھر کیسٹ سے قرآن مجید سن لے اورجیسا کہ اس کے لیے یہ بھی جائز ہے کہ وہ قرآن مجید کا ترجمہ اور تفسیر پڑھ لے جو کہ مختلف زبانوں میں پائے جاتے ہیں ۔ .